السنّة النبوية وعلومها
www.sunnah.global

میں نے آپ ﷺ کے سامنے سورۂ النجم پڑھی، آپ نے اس میں سجدہ نہیں کیا

زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے وہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کے سامنے سورۂ النجم پڑھی، آپ نے اس میں سجدہ نہیں کیا۔

[صحیح] [اسے امام بخاری نے روایت کیا ہے]

زید بن ثابت رضی اللہ نے آپ ﷺ کے سامنے سورۂ النجم پڑھی، جب سجدہ کی آیت پر گزرے تو آپ ﷺ نے سجدہ نہیں کیا۔ یہاں پر سجدہ نہ کرنا اس بات پر دلیل نہیں کہ آپ نے مطلقاً سجدہ نہیں کیا، اس لیے کہ ممکن ہے یہ بیانِ جواز کے لیے ہو، یہ سب سے راجح احتمال ہے اسی کو امام شافعی رحمہ اللہ نے یقین سے فرمایا ہے اس لیے کہ اگر یہ واجب ہوتا تو آپ اسے کرنے کا حکم دیتے، اگرچہ بعد میں دیتے۔

https://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/11240

لجنة الدعوة الإلكترونية
EDC E-Da'wah Committee
النجاة الخيرية
ALNAJAT CHARITY